ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام ''یوم شہداء'' منایا گیا،لندن اور مانچسٹر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے

ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہیداور بھتیجے عارف حسین شہید، ایم کیوایم کے شہید کارکنان، سانحہ علی گڑھ اور سانحہ مشرقی پاکستان کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

لندن ۔۔۔15دسمبر2008ء۔۔۔ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام گزشتہ روز ''یوم شہداء'' منایا گیا،اس سلسلے میں لندن اور مانچسٹر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہیداور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کے دوران شہید کئے جانے والے کارکنان، 14دسمبر1986ء کوکراچی کے علاقوں قصبہ کالونی، علی گڑھ کالونی میں ہونے والے قتل عام اور سانحہ مشرقی پاکستان کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع ایجویئر کے واٹلنگ کمیونٹی سینٹر میں منعقدکیا گیا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین طارق جاوید، سلیم شہزاد، سید طارق میر، محمداشفاق، جاویدکاظمی، مصطفےٰ عزیزآبادی، قاسم علی رضا، ایم کیوایم لیبرڈویژن کے نگراں انیس احمد ایڈوکیٹ، ایم کیوایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹرسلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر، فیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی ،لندن اور برمنگھم کے مختلف یونٹوں کے عہدیداران وکارکنان، ہمدردوں، خواتین، بزرگوں اوربچوں نے شرکت کی۔قرآن خوانی کے بعد حافظ مسرور احمد نے شہداء کیلئے خشوع وخضوع کے ساتھ فاتحہ خوانی کرائی اور تمام شہداء کوانکی قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس موقع پرتحریکی جدوجہد کی کامیابی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمرصحت وتندرستی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔یوم شہداء کے سلسلے میں لندن کے علاوہ مانچسٹر میں بھی ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام قرآن خوانی کی گئی اورشہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

اختر پگاوالا کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔15دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف صنعتکار میاں اختر پگاوالا کے چھوٹے بھائی میاں مشتاق پگاوالا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆